تبصرہ کتب

☆تبصرے کے لیے دو کتابوں کا بھیجنا ضروری ہے

''مشاہدات وتاثرات''

تالیف: حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب مدظلہم

صفحات: 328 / طباعت: عمدہ/ قیمت: لکھی نہیں/ ملنے کا پتا: مکتبۃ الایمان، کراچی

فون: 0321-2466024

حضرت اَقدس مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم العالیہ کی کسی کتاب پر تبصرہ کرنا/ لکھنا......اسے جسارت کے سوا اور کیا کہا جاسکتا ہے۔ حضرت والا دامت برکاتہم ہمارے اَکابر واسلاف کی روایات کے امین ہیں۔ تحریر، تقریر، تدریس، اہتمام، تزکیہ وسلوک، دینی جماعتوں کی سرپرستی، غرض جو نمایاں صفات ہم اپنے اسلاف کے تذکروں میں پاتے ہیں، وہ حضرت حق جل مجدہ نے حضرت والا کی ذات میں سمو دی ہیں۔

''مشاہدات وتاثرات'' آپ کے ان مضامین اور شخصی خاکوں کا مجموعہ ہے جو موقع بموقع آپ نے تحریر فرمائے...... اور پھر مرورِ اَیام کے سبب ماہنامہ بینات اور دیگر جرائد ورسائل کی فائلوں میں ''محفوظ'' ہو چکے تھے، انہیں تلاش کرکے کتابی صورت میں جمع کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں مولانا سید زین العابدین زید مجدہم کی محنت وکاوش قابل داد ہے، انہوں نے حضرت والا سے اپنی محبت کا حق ادا کرتے ہوئے خاصی محنت سے کام لیا ہے۔

آغاز کتاب میں حضرت ڈاکٹر صاحب دامت برکاتہم کے قلم سے ''پیش لفظ'' ہے۔ اس کے بعد جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کے استاذ مولانا مفتی رفیق احمد بالاکوٹی زید مجدہم کے قلم سے ''سخن ہائے گفتنی'' اور ''مقدمہ'' مولانا مفتی خالد محمود صاحب دامت برکاتہم (نائب رئیس اقراء روضۃ الاطفال) کے قلم سے ہے۔ مقدمہ کتاب میں مفتی خالد صاحب نے حضرت ڈاکٹر صاحب دامت برکاتہم کی حیات وخدمات پر ایک جاندار لوازمہ پیش کیا ہے۔

اس کے بعد حضرت والا کے مضامین ہیں۔ محتویات میں سیرت النبی، حضرات خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم، حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی، شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندی، حضرت علامہ شبیر احمد عثمانی، حضرت علامہ سید محمد یوسف بنوری، مولانا مفتی احمد الرحمٰن، مولانا محمد طاسین، مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید، مولانا عاشق الٰہی، مولانا قاضی مظہر حسین، مولانا مفتی نظام الدین شامزئی، حضرت سید انور حسین نفیس رقم رحمہم اللہ اور کئی دیگر علماء کرام